حیسکو پریس ریلیز مورخہ: 08.09.2026

اظہارِ تعزیت

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

حیدرآباد (پ ر) حیسکو کے چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری اور معروف ایڈووکیٹ سپریم کورٹ احسان اللہ ڈاہری کی ہمشیرہ، معروف ایجوکیشنسٹ اور پرنسپل گرلز ہائی اسکول شہداد پور آپا نعمت خاتون طویل علالت کے بعد 7 ستمبر 2026ء، بروز پیر رضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں، مرحومہ کی پہلی نمازِ جنازہ 8 ستمبر 2026ء، بروز منگل صبح 8 بجے جامع مسجد محمدی، قاسم آباد فیز ٹو، حیدرآباد میں قاری احمد علی سعیدی سنجرانی کی امامت میں ادا کی گئی، جس میں رکن قومی اسمبلی و ممبر اسٹینڈنگ کمیٹی برائے توانائی سید وسیم حسین، رکن سندھ اسمبلی صابر قائمخانی، الحاج گلشن الٰہی، جنید ڈاہری، نوید شیخ، حیسکو کے اعلیٰ افسران و ملازمین، معززینِ علاقہ، عزیز و اقارب اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی، بعدازاں مرحومہ کا جسدِ خاکی لواری شریف روانہ کیا گیا جہاں مرحومہ کی دوسری نمازِ جنازہ ادا کی گئی اور ملحقہ قبرستان میں تدفین عمل میں لائی گئی، مرحومہ نے پسماندگان میں ایک بیٹی اور دو بیٹے، عاشق مجتبیٰ اور زین العابدین سوگوار چھوڑے ہیں، جبکہ ان کے دیگر سوگوار لواحقین میں احسان گل، عرفان گل اور عمران گل بھی شامل ہیں، حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہمشیرہ کے انتقال پر حیسکو افسران و ملازمین نے گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کے لیے درجاتِ بلند، مغفرت اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کی دعا کی، جبکہ سوگوار خاندان اور تمام پسماندگان کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کی، اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو یہ ناقابلِ تلافی صدمہ صبر و حوصلے سے برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔